## وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، علاقائی دفتر، پشاور

## Press Release

# وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کا علاقائی دفتر پشاور کا دورہ

# وفاقی محتسب کے فیصلوں پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں۔اعجاز احمد قریشی

### کھلی کچہریوں، دفاتر کے معائنوں اور دیگر اقدامات کے ذریعے غریب لوگوں کے مسائل حل کرنے کی کوشش کریں

پشاور( ) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے پشاور میں علاقائی دفتر کے دورہ کے دوران اپنے افسروں پر زور دیا کہ وفاقی محتسب کے فیصلوں پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں تا کہ شکایت کنندگان کو فوری ریلیف مل سکے۔انہوں نے کہا کہ وفاقی محتسب سیکرٹریٹ غریبوں کی عدالت ہے اور اس ادارے کا مقصد نادار اور پسماندہ طبقے کی دادرسی کرنا ہے، سرکاری افسران کو عوام الناس کی شکایات کے ازالے کے لئے اپنی تمام تر کوششیں بروئے کار لانا چاہئیں۔اجلاس کے دوران وفاقی محتسب نے علاقائی دفتر پشاور کے افسران اور عملہ کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ اضافی بجٹ اور مزید عملہ طلب کئے بغیر ان کی انتھک محنت، کھلی کچہریوں اور تنازعات کے غیر رسمی حل جیسے پروگراموں کے باعث عام لوگوں کے مسائل حل کرنے میں بہت بہتری آئی ہے۔انہوں نے وفاقی محتسب کے افسران کی طرف سے کھلی کچہریوں کے انعقاد، تنازعات کے غیر رسمی حل اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے جدید استعمال کی تفصیلات بتاتے ہوئے میڈیا پر زور دیا کہ وہ محتسب کے پیغام کو عام کرنے میں تعاون کریں تا کہ پاکستان کے غریب عوام کو زیادہ سے زیادہ آگاہی ہو اور وہ اس ادارہ کے ذریعے فوری اور مفت ریلیف حاصل کر سکیں۔وفاقی محتسب نے سال 2023ء کے دوران موصول ہونے والی شکایات، فیصلوں اور اٹھائے گئے اہم اقدامات کے بارے میں بتایا کہ سال 2023ء کے دوران ریکارڈ شکایات موصول ہوئیں۔اس سال کے دوران ایک لاکھ 94 ہزار 99 شکایات موصول ہوئیں جو پچھلے سال کی نسبت 18 فیصد زیادہ تھیں جب کہ ایک لاکھ 93 ہزار 28 شکایات کے فیصلے کئے گئے۔انہوں نے کہا کہ 49,190 شکایات آن لائن موصول ہوئیں جو گزشتہ برس سے 47 فیصد زیادہ ہیں، 22,321 شکایات موبائل ایپ کے ذریعے موصول ہوئیں، جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ شکایت کنندگان اب جدید ٹیکنالوجی کا بھرپور استعمال کر رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ سال 2023ء کے دوران اضافی بجٹ اور اسٹاف حاصل کئے بغیر 22 فیصد زیادہ شکایات کے فیصلے کئے گئے۔85.4 فیصد فیصلوں پر عملدرآمد بھی ہو گیا ہے۔اسی طرح بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کے مسائل کے حل کے لئے وفاقی محتسب میں قائم کئے گئے شکایات کمشنر سیل کی طرف سے گزشتہ برس 202,367 اوورسیز پاکستانیوں کی شکایات کا ازالہ کیا گیا۔انہوں نے بتایا کہ وفاقی محتسب کے انوسٹی گیشن افسران ملک کے دور دراز علاقوں اور چھوٹے قصبوں میں خود جا کر عام شہریوں کو انصاف فراہم کر رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ہمارے 22 علاقائی دفاتر ہر وقت شکایت کنندگان کی شکایات کے ازالے کے لئے مستعد رہتے ہیں۔